09U (A)

# URDU

*(Second Language)*

Part A and B

Time : 3 Hours 15 Minutes | Maximum Marks : 80

---

## Part - A

Time : 2 Hours 45 Minutes | Maximum Marks : 60

ہدایات: (1) پرچہ سوالات پڑھیے اور سمجھیے، سوالوں کے جواب لکھیے۔

(2) تمام سوالوں کے جواب جوابی بیاض میں لکھیے۔

**(الف) ذیل کا پیرا گراف پڑھیے اور دیے گئے سوالات کے جواب لکھیے۔** 5 x 1 = 5

حضرت عمرؓ مجاہدین کے گھروں پر جاتے ان کا سودا لا دیتے۔ میدان جنگ سے قاصد آتا، تو فوجیوں کے خطوط گھروں پر پہنچاتے۔ ان پڑھ لوگوں کے خطوط لکھ دیتے، اور رات کے وقت گشت کرتے۔ ایک دفعہ شب کے وقت پھرتے پھراتے مدینے سے تین میل کے فاصلے پر پہنچے۔ کیا دیکھتے ہیں کہ اس قدر رات گئے ایک عورت کچھ پکا رہی ہے، اور بچے رو رہے ہیں۔ جا کر پوچھا تو اس نے جواب دیا ''بچے بھوک سے تڑپ رہے ہیں میں خالی ہنڈیا چڑھا دی ہے کہ روتے روتے سو جائیں گے۔ آپ اسی وقت مدینہ آئے۔ بیت المال کا دروازہ کھول کر آٹا گھی گوشت اور کھجور لے کر چلے تو آپ کے غلام اسلم نے عرض کیا ''میں لے چلوں'' فرمایا قیامت کے روز تم میرا بوجھ نہیں اٹھاؤ گے۔ وہاں جا کر حضرت عمرؓ تو آگ سلگاتے رہے بڑھیا کھانا پکاتی رہی۔ کھانا کھا کر بچے اچھلنے کودنے لگے تو حضرت عمر دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔

(1) حضرت عمرؓ کس کے گھر کا سودا لا دیتے تھے؟

(2) میدان جنگ سے قاصد آتا تو حضرت عمر کیا کرتے؟

(3) عورت کیا کر رہی تھی؟

(4) بچے کیوں رو رہے تھے؟

(5) حضرت عمرؓ نے عورت اور اس کے بچوں کے لیے کیا انتظام کیا؟

(ب) ذیل کے اشعار کا مطلب لکھئے۔ 1 x 5 = 5

.6

علم و عمل کا رستہ یا رب! ہمیں دکھادے
جس سے ملے سعادت اس راہ پہ چلادے

یا رب! تری رضا کے طالب رہیں ہمیشہ
نیکی کریں، بدی پر غالب رہیں ہمیشہ

یا

ہے الفت بھی، وحشت بھی دنیا سے لازم
نہ الفت زیادہ نہ وحشت زیادہ

فرشتے سے بہتر ہے انسان بننا
مگر اس میں لگتی ہے محنت زیادہ

(ج) ذیل کے پیراگراف پڑھئے اور نیچے دیئے گئے جملے پڑھ کر صحیح (✓) یا غلط (×) کی نشاندہی کیجئے۔ 5 x 2 = 10

برکت اللہ بھوپالی کو تحریر و تقریر دونوں میں مہارت حاصل تھی۔ انگلستان کے قیام کے دوران وہاں کے اخباروں میں چھپنے والی اپنی تحریروں اور جوشیلی تقریروں سے انہوں نے ایک پہچان بنالی۔ وطن کو آزاد کرانا ان کی زندگی کا مشن بن گیا تھا۔ وہ گیارہ سال انگلستان میں رہے اور اپنے مشن کو کامیابی کے ساتھ جاری رکھا۔ تنگ آکر حکومت برطانیہ نے انھیں انگلستان چھوڑنے پر مجبور کردیا۔ انقلابی سرگرمیوں کے سبب انھیں امریکہ بھی چھوڑنا پڑا۔ اب انھوں نے جاپان کا رخ کیا اور ٹوکیوں یونیورسٹی میں مشرقی زبانوں کے شعبہ میں پروفیسر ہو گئے۔

(7) برکت اللہ بھوپالی کو تحریر و تقریر میں مہارت حاصل تھی۔ [ ]

(8) حکومت برطانیہ نے انھیں انگلستان چھوڑنے پر مجبور نہیں کیا۔ [ ]

(9) ہندوستان کو انگریزوں کی غلامی سے آزاد کرانا ان کی زندگی کا مقصد تھا۔ [ ]

(10) برکت اللہ بھوپالی پندرہ سال انگلستان میں رہے۔ [ ]

(11) انھوں نے ٹوکیو یونیورسٹی میں پروفیسر کی حیثیت سے کام کیا۔ [ ]

(A) ذیل کے سوالوں کے جواب 4 تا 6 جملوں میں لکھئے۔ ہر حصہ سے دو، دو سوالات کے جوابات لکھیں۔

4 x 4 = 16

''حصہ الف''

(12) گنگا اپنا راستہ کس طرح طے کرتی ہے؟

(13) مشرق و مغرب کی تہذیب کس طرح مختلف ہے؟

(14) اللہ کی قدرت کا ظہور ہر چیز سے عیاں ہے۔ کیسے؟

(15) شاعر اکبرالہ آبادی کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

''حصہ ب''

(16) سبک سیر نے اپنے مالک کی جان کس طرح بچائی؟

(17) لکڑی ہمارے لیے سجاوٹ کے کس طرح کام آتی ہے؟

(18) ''یہ کمبخت تو اب کھانے ہی کا ہے اب اسے ہانک دو'' اس جملے کا مطلب لکھئے۔

(19) ڈاکٹر ذاکر حسین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ لکھئے۔

(B) مندرجہ ذیل سوالات کے جواب دس تا بارہ جملوں میں لکھئے۔ ہر حصہ سے ایک ایک سوال کے جواب لکھے جائیں۔

2 x 8 = 16

''حصہ الف''

(20) شاعر تلوک چند محروم نے حمد میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کس طرح بیان کی ہے؟

(21) نظم ''تعلیم نسواں''، تعلیم یافتہ کیسی ہوتی ہے لکھئے۔

(22) نظم ''گنگا'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔

''حصہ ب''

(23) پیپل کے پیڑ نے اپنے خط میں کن باتوں کا ذکر کیا ہے؟

(24) نگل کاٹنے سے انسانوں کو بھاری قیمت چکانی پڑے گی۔ کیوں اور کیسے؟ لکھئے۔

(25) سبک سیر نے اپنی فریاد پنچوں تک کس طرح پہنچائی اس واقعہ کو تفصیل سے لکھئے۔

(C) **ذیل سے کوئی ایک سوال کا جواب لکھئے۔** 1 x 8 = 8

(26) صحت کی حفاظت پر پانچ نعرے لکھئے۔

(27) صدر مدرس کے نام تعلیمی صداقت نامہ کی درخواست لکھئے۔

(28) شجرکاری کی اہمیت پر دس سطری مضمون لکھئے۔

09U (B)

# URDU, Paper - I

*(Second Language)*

Part A and B

---

Part - B

Time : 30 Minutes | Maximum Marks : 20

ہدایات: (1) تمام سوالوں کے جواب متعینہ جگہ میں ہی لکھیں۔

(2) Part - B پرچہ سوال کی تکمیل کے بعد Part-A کے جوابی بیاض سے منسلک کریں۔

I (الف) ذیل کے محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے۔ 2 x 1 = 2

1. احسان جتانا:- ..........................................................................................

2. کانا پھوسی کرنا:- ..........................................................................................

(ب) مندرجہ ذیل جملوں میں خط کشیدہ الفاظ کے صحیح معنی کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔ 2 x 1 = 2

3. کبھی کبھی بارش سے پہلے آسمان سے اولے گرتے ہیں۔ (  )

(a) ابر (b) برسات (c) پانی (d) برف کے ٹکڑے

4. پیہم عبادت سے خدا کی خوشنودی حاصل ہوتی ہے۔ (  )

(a) مسلسل (b) ہمیشہ (c) کبھی کبھی (d) کامیابی

(ج) ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ لفظ کی مناسب ضد کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔ 2 x 1 = 2

5. ہمیں ہر غریب کی مدد کرنی چاہیے۔ (  )

(a) دولت مند (b) غرباء (c) غریبوں (d) امیر

6. روز اول سے یہ کام میں دیکھ رہا ہوں (  )

(a) دن (b) آخر (c) شروع (d) انتہا

(د) ذیل کے جملوں میں سے خط کشیدہ لفظ کی واحد/جمع کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔

2 x 1 = 2

7. انسان کے اعمال کا حساب آخرت میں لیا جائے گا۔ ( )

(a) عامل (b) علم (c) عمل (d) عوامل

8. یہ آم کا شجرے نہایت گھنا ہے۔ ( )

(a) شجریں (b) شجرہ (c) اشجار (d) درخت

(ہ) ذیل کے خالی جگہوں کے لیے مناسب سابقہ/لاحقہ کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔

2 x 1 = 2

9. اللہ پاک ہمارے نیک اعمال میں ہمارا مدد............ہوگا۔ ( )

(a) گزار (b) گار (c) ساز (d) کار

10. ہمیں اپنا وقت..............کار میں ضائع نہیں کرنا چاہیے۔ ( )

(a) با (b) نا (c) بے (d) ہم

II مندرجہ ذیل سے صحیح جواب کی نشاندہی کر کے علامت A / B / C / D کو قوسین میں لکھئے۔ 10 x 1 = 10

11. کسی شعر میں لفظ اور اس کی ضد کا استعمال کہلاتا ہے۔ ( )

(a) کنایہ (b) صنعت تضاد (c) صنعت مبالغہ (d) تشبیہ

12. مبتداء کے بعد کا حصہ کہلاتا ہے۔ ( )

(a) اسم (b) فعل (c) خبر (d) جملہ

13. ’’روش روش نغمہ طرب ہے، چمن جشن رنگ و بو ہے۔‘‘

اس مصرعہ میں کونسی صنعت استعمال ہوئی ہے۔ ( )

(a) صنعت تکراری لفظی (b) صنعت تضاد (c) صنعت مبالغہ (d) کنایہ

14. جملے کے کتنے عناصر ہیں۔ ( )

(a) 4 (b) 3 (c) 2 (d) 1

15. غزل کا آخری شعر کہلاتا ہے۔ ( )

(a) مطلع (b) حسن مطلع (c) مقطع (d) قافیہ

16. شاباش! تم نے بہت اچھا کام کیا ہے۔ یہ جملہ ہے۔ ( )

(a) جملہ اسمیہ (b) جملہ فعلیہ (c) جملہ خبریہ (d) جملہ انشائیہ

17. تخلص ہے۔

(a) مصنف کا نام (b) شاعر کا چھوٹا سا نام

(c) طالب علم کا نام (d) حکومت کی جانب سے دیا گیا نام

18. ایسا جملہ جس میں ایک سے زائد مفہوم ادا کیے جائیں کہلاتا ہے۔ ( )

(a) جملہ خبریہ (b) جملہ انشائیہ (c) مرکب جملہ (d) مفرد جملہ

19. جس جاندار کے آخر میں ی، ن، نی ہو تو وہ کہلاتا ہے۔ ( )

(a) مذکر (b) مونث (c) جنس حقیقی مونث (d) جنس غیر حقیقی

20. جنس حقیقی کی قسمیں ہیں۔ ( )

(a) 3 (b) 4 (c) 2 (d) 5